حقائق نامہ

بلیوں کی فلاح و بہبود

بلی حیرت انگیز پالتو جانور کے طور پر جانی جاتی ہے- تقریباً ایک تہائی آسٹریلیائی گھرانے پالتو بلیاں یا عام بلیاں رکھتے ہیں اور ان میں سے اکثریت انہیں اپنے خاندان کا حصہ سجھتے ہیں- پالتوں بلیاں ہمارے لئے بھی مفید ہیں - نیز یہ چیمپئن شپ بھی فراہم کر رہی ہیں، تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ یہ بہتر جسمانی اور دماغی صحت کے لئے ہماری مدد کرتی ہیں اور یہ ہمیں خوش رکھتی ہیں-

اگر آپ نے ایک آوارہ بلی جسے کسی پناہ گاہ یا جانور پالنے والے سے حاصل کیا ہو، کو کھانا کھلانے اور اس سے دوستی کرنے کا فیصلہ کیا ہے تو آپ کو اس بات کو یقینی بنانا ضروری ہے آپ کی بلی کی جنس روبائی (نس بندی) کی گئی ہے- اپنی بلی کی جنس روبائی کرنے کا عمل بلیوں کی آبادی بڑھنے کو روکتا ہے اور یہ آپ کی بلی اور ماحول کے لئے بہتر ہے-

کس عمر میں بلی کی جنس روبائی کی جائے؟

تا حد صحت اور سماجی فوائد کے لئے بلی کے تمام بچوں کو ان کی جنسی بلوغت کی عمر (12 تا 16 ہفتے/3 تا 4 ماہ) کو پہنچے سے پہلے جنس روباء کر دیا جائے- تاہم، بلوغت کی عمر کو پہنچنے والی بلیوں کی نس بندی کر کے غیر ضروری بچوں کی پیدائش روکنا تاخیری عمل نہیں-

8 تا 10 ہفتوں کی عمر (وقت گزرنے کے ساتھ جن کا وزن 1 کلو گرام ہوجائے) کے بلی کے بچوں کی بحفاظت جنس روبائی کی جا سکتی ہے- کم عمری میں جنس روبائی جنسی پختگی سے منسلک عدم سماجی رویوں کو بڑھنے سے روکنے کے ساتھ غیر ضروری بچوں کی روک تھام کی بھی ضمانت دیتے ہیں-

مادہ بلی کے ہاں بچوں کی پیدائش کے بعد جنس روبائی سے متعلق قدیم روایت میں قطعاً کوئی حقیقت نہیں ہے- بلکہ بچوں کی پیدائش سے کینسر کے امکانات بڑھ جاتے ہیں-

غیر نس بند شدہ ('مکمل طور پر') نر بلوں میں ناپسندیدہ برتاؤ دیکھنے میں آتا ہے جیسے کہ تیز بُو والے پیشاب کا چھڑکاؤ (بشمول گھر کے اندر)، اِدھر اُدھر گھومنا اور دیگر بلیوں کے ساتھ لڑائی جھگڑا- ان کا رویہ لوگوں کے ساتھ جارحانہ ہوتا ہے اور عمومی طور پر غیر نس بند شدہ نر بلوں کی نسبت کم پیار کرنے والے ہوتے ہیں-

غیر نس بند شدہ بلیوں میں دوڑتے ہوئے کسے حادثے کا شکار ہو کر چوٹ لگنے اور ممکنہ موذی مرض جیسے کہ فیلائن امیونوڈیفی شینسی وائرس اور فیلائن لیوکاایمیا وائرس کے امکانات زیادہ پائے جاتے ہیں- نر اور مادہ دونوں اقسام کی بلیوں میں نس بندی سے کئی اقسام کے سرطان لاحق ہونے کا خطرہ کم ہوجاتا ہے-

نس بندی بلیوں کو صحت مند، خوشحال، کم آوارہ گرد بناتی ہے: مختصراً نس بندی یا جنس روبائی کے نتیجے میں بہتر پالتو جانور بنتے ہیں-

اس میں کیا شامل ہے؟

نس بندی یا کم عمری میں نس بندی کے نتیجے میں کوئی معلوم دیرپا خطرات موجود نہیں ہیں- کم عمری میں نس بندی کی مشق 20 سالوں سے زائد کی جا رہی ہے اور بلیوں کے لئے طبی اور روئیوں کے اعتبار سے محفوظ گردانی جاتی ہے-

مادہ بلیوں کی نس بندی (جسے مادہ جانور کی بچی دانی نکال دینا بھی کہا جاتا ہے) کے عمل میں جراحی (پیٹ پر ایک چھوٹا یا چیرا لگا کر) کے ذریعے بیضہ دانی اور بچہ دانی نکال دی جاتی ہے جبکہ بلی بے ہوشی کی حالت

میں ہوتی ہے۔ جراحی کے بعد بلی کو آرام کی ضرورت ہوتی ہے اور اسے اگلے چند روز تک گھر کے اندر خاموشی میں رکھا جائے۔ چیرے کے زخم پر نظر رکھیں اور سوجن، رونے یا خون بہنے کی صورت میں اپنے جانوروں کے معالج سے رابطہ کریں۔ آپ کو یہ جاننے کی بھی ضرورت ہوتی ہے کہ کس قسم کی ٹانکے استعمال کئے گئے ہیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کی بلی اس کو نہ چھوئے۔

نر بلوں کی نس بندی (جسے بے جنس کہا جاتا ہے) بھی کی جاتی ہے جس میں بلے کو بے ہوشی کی حالت میں فوطوں پر معمولی چیرا لگا کر خصیے نکال دئے جاتے ہیں۔ اس میں کوئی ٹانکے نہیں لگائے جاتے۔ جراحی کے بعد بلیوں کو خاموشی میں کچھ روز گھر کے اندر رکھا جاتی ہے۔

اکثر نر، مادہ اور بچے بلیاں نس بندی کے بعد بہت جلد صحت یاب ہوجاتے ہیں۔ آپ کے جانور کا معالج آپریشن کے بعد کی حفاظتی ہدایات فراہم کرتا ہے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کی بلی کے لئے پینے کے لیے وافر تازہ پانی موجود ہے اور انہیں ان کی پسندیدہ غذا پیش کریں۔ ان کا باریکی بینی سے مشاہدہ کریں اور اگر آپ کی بلی سست روی کا مظاہرہ کرے اور 24 گھنٹوں میں اپنی معمول کی غذا نہ کھائے تو اپنے معالج سے رابطہ کریں۔

فوائد

نس بندی کے فوائد - غیر ضروری بلی کے بچوں سے چھٹکارا؛ غیر سماجی رویوں میں اضافے کی روک تھام؛ اور بیماریوں کی تعداد کے خطرات میں کمی - دور رس خطرات سے چھٹکارا۔

افسوس ناک بات ہے کہ، این ایس ڈبلیو ہر سال ہزاروں بلیوں کو تکلیف سے نجات کے لئے تالابوں اور پناہ گاہوں میں مار ڈالتی ہے کیوں کہ بیشتر بلیوں اور ان کے بچوں کے لئے معقول تعداد میں گھر نہیں ہیں۔ آپ اپنی بلیوں کی نس بندی کر کے اس عمل کر روکنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

جانوروں کے مختلف مطب نس بندی کے لیے مختلف قیمت وصول کرتے ہیں جو کہ 120$ تا 300$ تک ہوتی ہے۔ اگر آپ کو نس بندی کے لئے سستی خدمت کی تلاش ہے تو کیٹ پروٹیکشن آپ کی مدد کر سکتی ہے۔ اگر آپ انگریزی نہیں بول سکتے تو براہ کرم انگریزی بولنے والا دوست یا رشتہ دار سے ہمارے دفتر میں (پیر تا جمعہ، صبح 10 بجے تا شام 5 بجے، 9519 7201) کال کرنے کے لئے کہیں۔ ہم آپ کی بلی کے لئے کوئی ایسا مطب یا پروگرام تلاش کر کے دیں گے جو آپ کو رعائتی قیمت پر آپ کی بلی کی نس بندی کرنے کی خدمت فراہم کرے گا۔

مائیکرو چپنگ یا اندراج کیا ہے؟

مائیکرو چپ چاول کے دانے کے برابر بار کوڈ پر مشتمل ہوتی ہے جسے ایک چھوٹے سے دستی آلے کی مدد سے 'پڑھا' جاتا ہے۔ اس آلے کو مائیکرو چپ اسکینر کہتے ہیں۔ مائیکرو چپ مقام معلوم کرنے یا اس کا پتہ لگانے کا آلہ نہیں ہے۔ یہ کندھوں کے نزدیک جلد کے اندر نصب کی جاتی ہے۔ مائیکرو چپ بار کوڈ پر لگے اعداد کو ڈیٹا بیس میں داخل کیا جاتا ہے، این ایس ڈبلیو کے کمپینین اینیمل رجسٹر اور آپ جب اپنی بلی کا اندراج کرواتے ہیں تو آپ کا پتہ اور رابطہ کی تفصیلات اس وقت اس مائیکرو چپ نمبر کے ساتھ منسلک ہو جاتی ہیں۔

اس مطلب ہے کہ اگر آپ کی بلی گم ہو جائے یا کسی تالاب یا پناہ گاہ میں لے جایا جائے تو وہاں موجود عملہ اسکینر کا استعمال کر کے آپ کی بلی کا مائیکرو چپ نمبر 'پڑھ' سکتا ہے۔ جب وہ اس نمبر کو کمپینئن اینیمل رجسٹر میں دیکھتے ہیں تو وہ انہیں آپ کے رابطے کی تفصیلات نظر آتی ہیں اور تب وہ آپ سے رابطہ کر کے یہ بتاتے ہیں کہ آپ کی بلی ان کے پاس ہے۔

آپ کی معلومات خفیہ رکھی جاتی ہے اور صرف کاؤنسلز، تالابوں پناہ گاہوں اور جانوروں کے مطب پر موجود مجاز عملہ اسے دیکھ سکتا ہے۔

مائیکرو چپنگ اور آپ کے جانوروں کا اندراج کرانا این ایس ڈبلیو قانون کا تقاضا ہے۔ چار ماہ کی عمر سے پہلے ایک بلی کی نس بندی کا اندراج انتہائی سستا ہوتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے اپنے مقامی کاؤنسل سے رابطہ کریں یا وزٹ کریں https://www.olg.nsw.gov.au/public/dogs-cats/

اپنے رابطے کی معلومات کو اپ ڈیٹ رکھنا اہم ہے تاکہ کبھی آپ کی بلی گُم ہوجائے تو آپ اپنی بلی سے دوبارہ مل سکیں۔ آپ این ایس ڈبلیو رجسٹری کے ساتھ اپنا ذاتی اکاؤنٹ بنا کر یا اپنے مقامی کاؤنسل سے رابطہ کر کے فون اور پتہ اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں۔

میری بلی کے لئے کونسی دوا ہے؟
تمام بلی کے بچوں کو ایف 3 حفاظتی ٹیکوں کا مکمل کورس کرائیں اور اس کے بعد ہر کسی کو ایک تا تین سالوں تک اس پر عمل کرنے کی حوصلہ افزائی کریں، یہ آپ کے جانور کے معالج کے مشورے پر منحصر ہے۔ ایف 3 'لازمی' ویکسین کے طور پر جانی جاتی ہے اور یہ فیلائن پینلیوکوپائنیا وائرس، فیلائن کیلیسیوائرس اور فیلائن پیرپس وائرس کے خلاف تحفظ فراہم کرتی ہے۔

آپ کی بلی کو طفیلیوں (پسو اور کیڑوں) سے بچاؤ کے لئے باقاعدگی سے علاج کی ضرورت ہے۔ کتوں کے لئے بنائی گئی مصنوعات کا استعمال اپنی بلیوں پر کبھی نہ کریں - یہ آپ کی بلی کو مار سکتی ہے۔ پسو اور کیڑے آپ کے بلیوں کی صحت کے لئے سنگین مسائل پیدا کر سکتے ہیں نیز دیگر پالتو جانوروں اور گھر کے افراد کے لئے مسائل کھڑے کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کی بلی میں بیماری کی علامات پائی جائیں (مثلاً، غذا کی کمی یا بے انتہا پیاس) یا چوٹ (مثلاً چھونے پر ڈر کر پیچھے ہٹ جانا) یا رویے میں تبدیلی (جیسے کہ چھپ جانا اگر وہ عام طور ایسا نہ کرتی ہو) تو آپ اسے اپنے جانوروں کے معالج کے پاس لے جائیں۔ حتیٰ کہ آپ کی بلی صحت مند ہو، طبی معائنے کے لئے اسے سال میں ایک مرتبہ اسے جانوروں کے معالج کے پاس ضرور لے جائیں: یاد رکھیں، بلی کی زندگی میں 12 ماہ ایک طویل عرصہ ہوتا ہے۔

غذائیت اور طرز زندگی
تمام بلیوں کو ایک اچھی غذا، وافر تازہ پانی (اس کے کھانے کی جگہ سے دور پیالے میں رکھا گیا)، صاف چھوٹا ٹرے اور کہیں بھی محفوظ اور آرام دہ سونے کی جگہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ کھیل کے وقت سے فائدہ اٹھاتی ہیں۔ یہ سرگرمی انہیں ذہنی اور جسمانی اعتبار سے صحت مند بناتی ہیں۔ آپ کو بہت زیادہ رقم خرچ کرنے کی ضرورت نہیں - بلیاں گتے کے بکسوں کو پسند کرتی ہیں، کاغذ کی چرمراہٹ کے پیچھے دوڑتی ہیں اور آپ گتے کی الماری کی ٹیوب (جیسے کہ خالی بیت الخلاء کے ٹشو رول) میں اپنی بلی کے بسکٹ ڈال کر ان کے لئے کھانے کی بھول بھلیاں بنا سکتے ہیں۔ بلیاں اونچی جگہوں سے ٹہنیوں تک کا فائد اٹھاتی ہیں - متوازی جگہیں بلیوں کے لئے اہم ہوتی ہیں - اور ان سب کو اپنے پنجے پھیلانے اور کام کرنے کی ضرورت ہوتی ہے جیسے کہ مضبوط کھمبا نوچنا۔

بلیوں کی غذا خریدتے وقت اس بات کو یقنی بنائیں کہ اس پر "غذایت سے بھرپور اور متوازن غذا" کا لیبل چپساں ہو - بلیوں کی انتہائی مخصوص غذائی ضروریات ہوتی ہیں اور اگر انہیں ان کی ضرورت کے مطابق تمام وٹامنز اور نمکیات فراہم نہ کی جائیں تو یہ بہت جلد بیمار ہوجاتی ہیں۔ کتوں کی غذا بلیوں کی غذا کا نعم البدل نہیں ہوتا۔ بلیوں کی چند غذاؤں پر 'بھر پور' کا لیبل چپساں ہوتا ہے - یہ موقع محل کے لحاظ سے دیا جائے بطور دعوت یہ آپ کی بلیوں کی ضروریات پر پورا نہیں اترتی۔

اگر آپ کی بلی خاص طور پر گھر کے اندر نہیں ہوتی ہے تو اپنے احاطے میں باڑ لگا کر انہیں گھر کے اندر رکھنے کی کوشش کریں۔ اپنی بلی کی صحت و حفاظت کی خاطر پڑوس دشمنی اور جگلی جانوروں سے تحفظ ہمیشہ آپ کی بلی کو رات بھر گھر کے اندر محفوظ رکھتی ہے۔

103 Enmore Road, Newtown 2042
t 9519 7201 or 9557 4818 f 9557 8052 info@catprotection.org.au
www.catprotection.org.au